SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**
For immediate release
March 07, 2025

## Top ten Private Companies awarded for Implementing Family Friendly Policies

**Islamabad, March 7, 2025:** Under the Prime Minister's Women Empowerment Package, Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) was directed to award private companies implementing family-friendly policies on International Women's Day 2025. The Honorable Prime Minister of Pakistan, Muhammad Shahbaz Shareef, honored the top ten private companies for their commitment to fostering inclusive and supportive work environments.

In his address, Prime Minister Muhammad Shehbaz Sharif stressed that Pakistan's progress is closely tied to the active involvement of women. He highlighted the Women Empowerment Package as a revolutionary program aimed at uplifting women across the country. The Prime Minister expressed his satisfaction with the positive impact of the initiatives under this program. He also commended the SECP for introducing the Family-Friendly Awards program and congratulated the companies recognized for their efforts. He expressed optimism that these companies would set a benchmark for others to follow and that the next cycle would see continued progress in fostering a safe and supportive work environment.

On the occasion of the ceremony, Chairman SECP, Akif Saeed, reaffirmed SECP's commitment to advancing gender equality and fostering a more inclusive economic landscape. He expressed appreciation to the Ministry of Human Rights, UNWOMEN and Pakistan Business Council for extending their expertise and support in successful implementation of premier awards under the Prime Minister's Women Empowerment Package 2024. Looking ahead, SECP plans to strengthen the awards criteria and introduce additional indicators and validation tests to further establish benchmarks that promote more equitable workplaces.

SECP, in collaboration with implementing partners UN Women and the Pakistan Business Council, had developed a detailed criterion, online survey, and scoring matrix based on international best practices to assess family-friendly policies implemented by private companies. Over 230 companies participated in the survey circulated in September 2024, and the top 10 were shortlisted. The shortlisting was based solely on the information submitted by the companies, with the scores being averaged by the implementing partners to ensure fairness and objectivity in the assessment. The top ten companies honored are: Alpha Beta Core Solutions (Private) Limited, Arfa Karim Technology Incubator (Private) Limited, Aviation MRO (Private) Limited, Blink Capital (Private) Limited, Funverks Global (Private) Limited, Gift Educational (Private) Limited, Kistpay (Private) Limited, Laiba Enterprises (Private) Limited, LADIESFUND Energy (Private) Limited, and Li & Fung Pakistan (Private) Limited.

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

**فیملی فرینڈلی پالیسیوں کو لاگو کرنے کے لیے سر فہرست دس نجی کمپنیوں کو نوازا گیا۔**

اسلام آباد، 7 مارچ: وزیر اعظم کے خواتین بااختیار بنانے کے پیکیج کے تحت، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کو ہدایت دی گئی کہ وہ خاندانی دوستانہ پالیسیوں پر عمل درآمد کرنے والی نجی کمپنیوں کو بین الاقوامی یوم خواتین 2025 کے موقع پر ایوارڈ دے۔ پاکستان کے معزز وزیر اعظم، محمد شہباز شریف نے جامع اور معاون ورک ماحول کے فروغ کے عزم پر دس بہترین نجی کمپنیوں کو اعزاز سے نوازا۔

اپنے خطاب میں وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے زور دیا کہ پاکستان کی ترقی خواتین کی فعال شمولیت سے جڑی ہوئی ہے۔ انہوں نے ویمن ایمپاورمنٹ پیکج کو ایک انقلابی پروگرام قرار دیا جو ملک بھر کی خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے متعارف کرایا گیا ہے۔ وزیر اعظم نے اس پروگرام کے تحت کیے گئے اقدامات کے مثبت اثرات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے ایس ای سی پی کی جانب سے فیملی فرینڈلی ایوارڈز پروگرام کے آغاز کو سراہا اور ان کمپنیوں کو مبارکباد دی جو اس حوالے سے نمایاں کارکردگی دکھا رہی ہیں۔ وزیر اعظم نے امید ظاہر کی کہ یہ کمپنیاں دوسروں کے لیے ایک مثال قائم کریں گی اور آئندہ مرحلے میں ایک محفوظ اور معاون ورکنگ ماحول کے فروغ میں مزید پیش رفت دیکھنے کو ملے گی۔

تقریب کے موقع پر، چیئرمین سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ، عاکف سعید نے صنفی مساوات کے فروغ اور مزید جامع معاشی ماحول کے قیام کے لیے ایس ای سی پی کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے وزیر برائے انسانی حقوق، اقوام متحدہ کی خواتین (UNWOMEN) اور پاکستان بزنس کونسل کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے وزیر اعظم کے خواتین بااختیار بنانے کے پیکیج 2024 کے تحت پریمیئر ایوارڈز کے کامیاب انعقاد میں اپنی مہارت اور تعاون فراہم کیا۔

مستقبل کی حکمت عملی پر روشنی ڈالتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ ایس ای سی پی ایوارڈز کے معیار کو مزید مضبوط کرنے، اضافی اشاریے متعارف کرانے اور تصدیقی طریقہ کار کو وسعت دینے کا ارادہ رکھتا ہے تا کہ زیادہ مساوی اور منصفانہ کام کے مقامات کے لیے مؤثر پیمانے قائم کیے جاسکیں۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے عمل درآمد میں معاون شراکت داروں، اقوام متحدہ کی خواتین (UN Women) اور پاکستان بزنس کونسل کے ساتھ مل کر ایک تفصیلی معیار، آن لائن سروے اور اسکورنگ میٹرکس تیار کیا، جو بین الاقوامی بہترین طریقوں پر مبنی تھا، تاکہ نجی کمپنیوں میں نافذ کی گئی خاندانی دوستانہ پالیسیوں کا جائزہ لیا جاسکے۔ ستمبر 2024 میں جاری کیے گئے اس سروے میں 230 سے زائد کمپنیوں نے حصہ لیا، اور ان میں سے 10 بہترین کمپنیوں کو شارٹ لسٹ کیا گیا۔ یہ شارٹ لسٹنگ مکمل طور پر کمپنیوں کی فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر کی گئی، جبکہ شفافیت اور غیر جانبداری کو یقینی بنانے کے لیے اسکورنگ پارٹنر اداروں نے اوسط بنیاد پر کی۔

اعزاز یافتہ دس بہترین کمپنیاں ہیں:

(Alpha Beta Core Solutions (Private) Limited), (Arfa Karim Technology Incubator (Private) Limited), (Aviation MRO (Private) Limited), (Blink Capital (Private) Limited), (Funverks Global (Private) Limited), (Gift Educational (Private) Limited), (Kistpay (Private) Limited), (Laiba Enterprises (Private) Limited), (LADIESFUND Energy (Private) Limited), and( Li & Fung Pakistan (Private) Limited).